تشہد کے بعد نبی ﷺ پر صلوٰۃ

۱- «اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ، اللَّهُمَّ بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ »

"اے اللہ درود بھیج محمد اور آل محمد پر جس طرح تونے درود بھیجا ابراہیم اور آل ابراہیم پر۔ تو تعریف اور بزرگی والا ہے۔ اے اللہ برکت نازل فرما محمد اور آل محمد پر جس طرح تونے برکت نازل فرمائی ابراہیم اور آل ابراہیم پر۔ تو تعریف اور بزرگی والا ہے"۔ (بخاری)

۲- «اللهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ، وَعَلَى أَزْوَاجِهِ، وَذُرِّيَّتِهِ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ، وَبَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى أَزْوَاجِهِ، وَذُرِّيَّتِهِ كَمَا بَارَكْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ»

"اے اللہ درود بھیج محمد پر اور اس کی بیویوں اور اولاد پر جس طرح تونے درود بھیجا آل ابراہیم پر اور محمد اور اس کی بیویوں اور اولاد پر برکت نازل فرما جس طرح تونے آل ابراہیم پر برکت نازل فرمائی، تو تعریف والا اور بزرگی والا ہے"۔ (بخاری و مسلم)